جنت میں سو درجے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں جہاد کرنے والوں کے لیے تیار کر رکھا ہے ہر دو درجوں میں اس قدر فاصلہ ہے جتنا آسمان و زمین کے مابین ہے

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جنت میں سو درجے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں جہاد کرنے والوں کے لیے تیار کر رکھا ہے ہر دو درجوں میں اس قدر فاصلہ ہے جتنا آسمان و زمین کے مابین“

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ اس حدیث میں اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والوں کی فضیلت بیان فرما رہے ہیں اور اس بات کی وضاحت کر رہے ہیں کہ اللہ تعالی نے ان کے لیے جنت میں سو درجے تیار کر رکھے ہیں جن میں سے ہر دو درجوں کے مابین اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان و زمین کے مابین کی مسافت ہے ۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3624